
بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلَآ اِنَّ اَوۡلِیَآءَ اللّٰہِ لَا خَوۡفٌ عَلَیۡہِمۡ وَلَا ہُمۡ یَحۡزَنُوۡنَ ۝

سن لو بیشک اللہ کے ولیوں پر نہ کچھ خوف ہے نہ کچھ غم

(ترجمہ کنزالایمان شریف)

# ذِکرِ اولیاء اللہ




خطاب

زبدۃ الفقہا سراج العاشقین بدر الملت صاحب شریعت والحقیقت شیخ المشائخ

حضرت

پیر پروفیسر ڈاکٹر علی محمد چوہدری نقشبندی مجددی

دامت برکاتہم العالیہ


پیش کش: کاشان جاوید، الطاف حسین

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم


نام کتاب: ............ذکرِ اولیاء اللہ

خطاب: ............پروفیسر (ر) ڈاکٹر علی محمد چوہدری

طبع اول: ............2016ء

تعداد: ............دس ہزار (10,000)

ناشر: ............کاشان جاوید، الطاف حسین

کمپوزنگ: ............حافظ محمد ثاقب

مطبع: ............السعید کمپیوٹرز فیصل آباد 0321-6659599


## ملنے کا پتہ


☆ پروفیسر ڈاکٹر سرفراز حسن صاحب

آستانہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ گرین ویو کالونی فیصل آباد 0300-6647692

☆ میاں شاہد تنویر

وسیلہ نجات لائبریری گلی نمبر 10 محمود آباد فیصل آباد 0301-7109263

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

# ذِکرِ اولیاءاللہ

نَحْمَدُهٗ وَنُصَلِّیْ عَلٰی رَسُوْلِهِ النَّبِیِّ الْکَرِیْم ○ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ
رَبِّ الْعَالَمِیْنَ ○ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْم ○
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم ○ اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِکَتَهٗ یُصَلُّوْنَ
عَلَی النَّبِیِّ ط یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا صَلُّوْا عَلَیْهِ
وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا ○

اَلصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلَیْکَ یَارَسُوْلَ اللّٰه
وَعَلٰی اٰلِکَ وَاَصْحَابِکَ یَاسَیِّدِیْ یَا حَبِیْبَ اللّٰه

کرم کی بھیک ملے تو حیات بنتی ہے
حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) آپ نوازیں تو بات بنتی ہے
رخِ حضور (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا صدقہ یہ دن چمکتا ہے
آپکی زلفوں کے سائے سے رات بنتی ہے

ملے جو اِذن ثناء کا تو لفظ ملتے ہیں

اگر ہو آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی مرضی تو نعت بنتی ہے

درِ حبیب (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کی زیارت بڑی سعادت ہے

ہو آپ (صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم) کا بلاوا تو برات بنتی ہے

جسے وسیلہ بنایا تمام نبیوں نے

اِسے وسیلہ بناؤ تو بات بنتی ہے

بجلی کو اگر ہاتھ لگائیں تو کتنی دیر میں بندہ مرجاتا ہے، سیکنڈ میں۔ اور ولی اللہ سے ہاتھ ملانے سے اتنے میں جنتی بن جاتا ہے، بجلی کو ہاتھ لگانے سے بندہ مرجاتا ہے اور ولی اللہ کو ہاتھ لگانے سے جنتی بن جاتا ہے۔ اچھا اگر بجلی سے دور ہو تو بندہ بچ جاتا ہے لیکن اگر ولی سے دور ہو لیکن اُسے دیکھتا رہے پھر بھی جنتی بن جاتا ہے۔ اچھا ولی نظروں کے سامنے نہ ہو یا کمرے میں کردیں بندے کو نظر نہ آرہا ہو لیکن بندہ ولی کا ذکر کرے یعنی

یاغوث اعظم رضی اللہ عنہ پھر بھی جنتی ہے یہ اولیاءاللہ کا کرم ہے اس واسطے شیطانی جتنی بھی طاقتیں ہیں آپ کو ولی سے دور کریں گی نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان اور ولی کی شان سے دور کریں گی جو بھی یہ کرے سمجھ لیں وہ تمہارا سب سے بڑا دشمن ہے۔

اللہ تعالیٰ اولیاءاللہ کی تعریفیں کرتا ہے ایک مرید آیا اور عرض کی یاغوث اعظم رضی اللہ عنہ میں آپ کا مرید ہوں پھر سرکارِ غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا: پھر تجھے کسی چیز کا خوف نہیں اللہ میرا اور میں اللہ کا۔ میں جانوں اللہ جانے، تم جنت میں جاؤ۔ اس واسطے غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ نے فرمایا:۔

جو اپنے کو کہے میرا مریدوں میں شامل ہے
یہ فرمایا ہوا ہے کس کا میرے غوثِ اعظم رضی اللہ عنہ کا

اچھا تو آپ اپنی قیمتی سے قیمتی چیز کہاں رکھیں گے صندوق میں رکھیں گے، اٹیچی کیس میں رکھیں گے، تالا لگائیں گے، اگر اور

بھی زیادہ قیمتی ہے تو اسٹرانگ روم میں رکھیں گے، بینک چلے جائیں گے وہاں اسٹرانگ روم ہے، وہاں لاکرز ہیں اور وہاں پتہ نہیں کیا کیا ہے سب سے قیمتی چیز ایمان ہے اُسے کہاں رکھو گے؟ سب سے قیمتی چیز بندے کے پاس ایمان ہے اِس سے زیادہ قیمتی کوئی چیز نہیں۔ دودھ پُتر، مکان، روٹی، یہ فیکٹریاں، دولت سب پیچھے ہیں، ایمان بہت قیمتی اور ضروری ہے اُسے کہاں رکھیں، حافظ صاحب کہاں رکھیں، اور کس لاکر میں رکھیں؟ کہاں رکھیں سرور صاحب کہاں رکھیں، تو فرمایا گیا ہے کہ اُسے اولیاءاللہ کے ذکر میں رکھو۔ اولیاءاللہ کا ذکر تیرے ایمان کی آرمی ہے لشکر ہے، لشکر آرمی پاکستان کو بچاتی ہے اور ولی کا ذکر ایمان کو بچاتا ہے صرف ''ذکر'' حافظ صاحب صرف ذکر۔ داتا صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایسے ہیں، بابا گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ ایسے ہیں، حضرت حق باہو صاحب رحمۃ اللہ علیہ ایسے ہیں اُن کی شان بیان کرتے جاؤ تمہارا ایمان بچتا جائے گا اس واسطے قبر

میں جو بھی گیا ہے اُن کا انٹرویو جس نے بھی لیا ہے اُنہوں نے یہی کہا ہے کہ سلسلے (مرشد کریم) نے بچایا ہے جس کے پاس بھی گئے ہیں۔ پروفیسر عبدالغفار رحمۃ اللہ علیہ صاحب کا انٹرویو لیا کسی بندے نے اور اس طرح ایک ہیڈ ماسٹر صاحب تھے اُن کا انٹرویو لیا، قبر میں کوئی ایسے بندے ہوتے ہیں جو قبر والے کا انٹرویو لے لیتے ہیں اُنہیں ''کشف القبور'' کا علم ہوتا ہے اُن سے پوچھا گیا کہ جناب بخشش کیسے ہوئی اور انہوں نے فرمایا کہ سلسلے (مرشد کریم) کی وجہ سے بخشش ہوئی کوئی خوبی اور عمل کام نہ آیا۔

اچھا تو آپ کہیں گے یہ آپ کی اپنی بنائی ہوئی باتیں ہیں یہ کہاں لکھی ہوئی ہیں اصحاب کہف کا بیان قرآن پاک (سورۃ الکہف) میں ہے۔ کتا ہے بندہ نہیں ہے۔ نماز نہیں پڑھی، کلمہ نہیں پڑھا، لیکن وہ اُن کی چوکھٹ پر بیٹھا رہا ہے اُسے کیا ملا وہ جنت میں جائے گا جہاں اصحاب کہف جنت میں جائیں گے اُن کے پیچھے

سونے کا نورانی تاج پہنے کتا بندے کی شکل میں جنت میں جائے گا اور یہ تو قرآنِ مجید ہے۔

آپ کہیں گے کہ اپنی باتیں بنائی ہوئی ہیں مُرِیْدِیْ لَاتَخَفْ کہہ کر تسلی دی غلاموں کو یہ تم لوگوں کی اپنی بنائی باتیں ہیں۔

حدیث پاک ہے کہ ایک بندے سے سو (۱۰۰) قتل ہو گئے اُس نے کسی سے پوچھا کہ کیا میری بخشش ہو سکتی ہے؟ تو اُسے جواب ملا کہ کسی ولی کے در پہ چلے جاؤ بخشش ہی بخشش ہے یہ حدیث پاک ہے وہ چلا تو راستے میں ہی فوت ہو گیا اپنے گھر کے قریب ہی فوت ہو گیا ولی کا دَرا بھی دور تھا لیکن وہ پہلے ہی فوت ہو گیا تو فرشتے آ گئے ایک ثواب والے اور ایک عذاب والے، دونوں کہیں کہ یہ ہمارا بندہ ہے اسے ہم نے لے کر جانا ہے تو جھگڑا شروع ہو گیا تو اللہ تعالیٰ نے ایک اور فرشتے کو بھیجا کہ جاؤ ان میں

فیصلہ کرو۔ فرشتے نے آ کر کہا کہ فاصلہ ناپ لیں اگر گھر کے قریب ہے تو جہنمی، عمل وہی ہیں قتل اُتنے ہی ہیں اگر گھر کے قریب ہے تو جہنمی اور اگر ولی کے دَر کے قریب ہے تو جنتی، قتل سو (۱۰۰) ہی ہیں یہ نہیں کہ قتلوں کی معافی ہوگئی بالکل نہیں کوئی معافی نہیں ہوئی، صرف قربِ دَرِ ولی بتایا گیا ہے کہ ایک بالشت کے برابر ولی کے در کے قریب ہوگیا جو فاصلہ زیادہ تھا اُسے رب نے حکم فرمایا سکڑ جا اور فاصلہ کم تھا اُسے فرمایا پھیل جا ایک بالشت کے برابر ولی کے در کے قریب ہوگیا اور اُسے اللہ تعالیٰ نے بخش دیا یہ حدیث پاک ہے یہ کسی اور کی بات نہیں ہے آپ بندوں کی اور اولیاء اللہ کی باتوں کو جھٹلا سکتے ہیں ٹھیک ہے کہ آپ ثبوت مانگیں گے۔ میں کہتا ہوں کرنٹ لگتا ہے بندہ مرجاتا ہے اور ولی سے ہاتھ ملاؤ تو بندہ جنتی ہوجاتا ہے آپ کہیں گے کہ اپنی باتیں بنائی ہوئی ہیں اس میں کیا ہے تو پھر کتا جنت میں کیوں جارہا ہے کتے نے کیا کام کیا ہے

شہید ہوتا ہے آپ نہ کھائے دوسرا دشمنی کی بناء پر عداوت کی بناء پر دے دے۔ آپ کھائے گا تو خودکشی ہوگی لیکن جو گستاخ ولی ہے، گستاخ نبی ہے، اگر تم اس کے پاس ایک لمحہ بیٹھ جاؤ اور وہ تمہیں اچھا لگنے لگے تو اُسی لمحے تم جہنمی ہو جاؤ گے کوئی دیر نہیں لگتی اس واسطے

صحبت صالح ترا صالح کند　　صحبت طالح ترا طالح کند

جس کے پاس بیٹھو گے اس جیسے ہو جاؤ گے جس کے پاس بھی بیٹھو پہلے دیکھ لو وہ کیسا ،اُس کا عقیدہ کیسا ہے؟ ولی اللہ کا گستاخ تو نہیں، نبی کریم ﷺ کی شان تو بہت بلند ہے۔

آپ انگوٹھے چومتے ہیں نامِ محمد ﷺ سنتے ہی یہ نعت ہے کہ

دلوں سے غم مٹاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے

نگر اُجڑے بساتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے

آپ انگوٹھے چومتے ہیں حضور نبی کریم ﷺ نے فرمایا

کہ میرے پیچھے پیچھے وہ بندہ جنت میں آئے گا وہ بندہ ہوگا جس نے انگوٹھے چومے ہوں گے حضور ﷺ آگے آگے جا رہے ہوں اور اُن کے پیچھے اُن کے قدموں کے ساتھ جو قدم رکھے گا وہ انگوٹھے چومنے والا بندہ ہوگا۔

دلوں سے غم مٹاتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے

نگر اُجڑے بساتا ہے محمد ﷺ نام ایسا ہے

یہ حضور ﷺ کی شان ہے جس کے نام کے انگوٹھے چومے ہیں اور درود شریف پڑھا ہے جس کا نام محمد ﷺ ہے وہ جنت میں چلا جائے۔

حضور پاک ﷺ نے فرمایا جس نے ''احمد یا محمد'' نام رکھا بیٹے کا اُسی لمحے باپ بھی بخشا گیا اور بیٹا بھی۔

قیصر نام رکھو گے تو پتہ نہیں کیا بنے گا تمہارا اور تمہارے بیٹے کا۔ قیصر ایک ایرانی بادشاہ تھا یہ وہ شخص ہے جس نے

حضور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خط کے ٹکڑے کیئے تھے کوئی بھی ایسا نام رکھ لیں جو کہ گستاخ نبی علیہ السلام کا ہو آپ کو مصیبت پڑ جائے گی پوچھا جائے گا کہ یہ نام کیوں رکھے ہیں؟ آج کل لوگ قیصر نام بڑے شوق سے رکھتے ہیں۔

تو حضرات یہ اولیاء اللہ اور نبی کریم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی شان ہے خوش قسمت بہت خوش قسمت کہ ہمیں یہ باتیں اچھی لگتی ہیں اولیاء اللہ کی شان اچھی لگتی ہے اولیاء اللہ کی باتیں اچھی لگتی ہیں اُن کے مزارات اچھے لگتے ہیں خدا کا شکر ادا کریں کہ آپ کو اولیاء اللہ کی صحبت نصیب ہے اُن کا ذکر ہو رہا ہے اُن کی منقبتیں پڑھی جا رہی ہیں غوث اعظم رضی اللہ عنہ اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ کی منقبت پڑھی جا رہی ہے آپ کے دلوں کو اچھی لگتی ہیں یہ ایمان کی نشانی ہے اور ایمان کی نشانیوں میں سے ہے کہ ولی کی بات اچھی لگی اور ولی کے بارے میں بات کی جائے اور تیرے دل کو اچھی لگے تو یہ ایک

ٹیسٹ ہے کہ تیرے دل میں ایمان ہے اور اگر جسے اچھی نہ لگے تو وہ دوسری پارٹی۔

داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے ذکر سے تمہارا دل خوش ہو جائے تو یہ ایمان کی نشانی ہے اور اگر کسی کا دل کُڑ جائے تو یہ بے ایمانی کی نشانی ہے۔

یہ حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے کہ ''ذکرِ صالحین پہ نزولِ رحمت ہوتی ہے'' جب رحمت کا قطرہ پڑتا ہے تو بندے کی بخشش ہو جاتی ہے اور اتنی رحمت ہوتی ہے کہ ہر ایک پر برستی ہے۔ ''اولیاء اللہ کی زیارت کفارہ گناہ ہے'' حضور پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا فرمان ہے بندے کے گناہ مٹ جاتے ہیں۔

اگر آپ پنڈی اسلام آباد جائیں تو ساتھ یہ بھی تہیہ کر لیں کہ میں نے حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ اور حضرت امام بری سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے دربار پر حاضری دینی ہے تو تیرا سفر بھی

عبادت، وہاں حاضری دینا بھی عبادت اور بخشش بھی جانا تو ہے پنڈی، اسلام آباد تو یہ نیت کرلیں کہ حضرت پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں حاضری دیں گے اور ضرور دیں گے،تو آپ کا کام بن جائے گا، ہوسکتا ہے فرشتے تیری سواری کے پہیوں کے نیچے اپنے پر بچھا دیں اتنی بڑی شان ہے اولیاء اللہ کی صرف نیت کی ہے کہ پیر مہر علی شاہ صاحب رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں حاضری دینی ہے۔ حضرت امام بری سرکار رحمۃ اللہ علیہ کے ہاں جانا ہے تو سارا سفر عبادت ہی عبادت ہے۔ یہ اولیاء اللہ کا ذکر ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر ایک کو اولیاء اللہ کا ذکر کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

وسیلہ نجات حصہ بائیس ۲۲ میں ایک مضمون ہے جو کہ اولیاء اللہ کی شان کے بارے میں ہے اللہ تعالیٰ توفیق دے آپ لوگوں کو پڑھنے کی۔

(حاضرین سے سوال: آپ لوگوں میں کون کون وسیلہ

نجات پڑھتا ہے ہاتھ کھڑا کرے۔حاضرین سے جواب آتا ہے۔
جی چار پڑھے ہیں، پانچ پڑھے ہیں اور تین پڑھے ہیں )

نیت کرلیں کہ سارے پڑھنے ہیں پھر بھی بخشش ہو جائے
گی۔وسیلہ نجات میں میرے نبی ﷺ کا ذکر ہے۔اولیاء اللہ
رحمۃ اللہ علیہم اجمعین کا ذکر ہے۔صالحین کا ذکر ہے۔

( آؤ سلام پڑھتے ہیں )

اگر آپ کہیں لاکھوں سلام تو لاکھوں ہو جاتے ہیں، آپ
کروڑوں کہیں تو کروڑوں ہو جاتے ہیں، آپ اربوں کہیں تو
اربوں ہو جاتے ہیں، آپ بے حد کہیں تو بے حد سلام ہو جاتا ہے۔
سُنی کی یہ قسمت ہے کہ جب وہ سلام پڑھتا ہے مصطفٰے جانِ رحمت
پہ لاکھوں سلام تو لاکھوں ہو جاتے ہیں

پڑھا ایک دفعہ ہے بے حد سلام، دو دفعہ پڑھا ہے لیکن بے
حد سلام ہو جاتا ہے، کھربوں، اربوں، کروڑوں، بے حد سلام تو یہ

تیری زبان سے کوثر بولتی ہے۔ اِسے کوثر کہتے ہیں۔ دل کھول کے سلام بھیج اور اربوں کھربوں بے حد کہو، لاکھوں پر نہ رہو جو کہو گے ہو جائے گا۔ اور ان شاء اللہ میرا نبی پاک ﷺ اِس سے زیادہ تمہیں واپس سلام عطا فرمائیں گے، سلامتی عطا فرمائیں گے، ہم سلام بھیجتے ہیں اور سرکار ﷺ سلامتی بھیجتے ہیں۔ دونوں میں فرق ہے، کیا فرق ہے؟ (حاضرین سے سوال) ایک سلام بھیجتا ہے اور ایک سلامتی بھیجتا ہے۔ سرور صاحب آپ بتائیں اس میں کیا فرق ہے؟ ایک سلام بھیجتا ہے اور ایک سلامتی بھیجتا ہے۔ ہم سلام بھیجتے ہیں یعنی صرف دعا کرتے ہیں۔ حضور کریم ﷺ سلامتی بھیجتے ہیں یعنی دوزخ سے رہائی، تو ہماری بخشش ہو جاتی ہے۔ اللہ تعالیٰ یہ کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

آؤ دعا مانگیں

گنبد خضرا کے آنگن کی ہوا مانگی ہے
ہم نے مرنے کی مدینے میں دُعا مانگی ہے

زر مانگا کسی نے تاج و محل
ہم نے آپ سے اِک رحمت کی نگاہ مانگی ہے
گورِ تیرہ کی سیاہی مٹانے کیلئے
ہم نے چہرۂ انور کی ضیاء مانگی ہے

اچھی اچھی دُعائیں مانگا کریں مدینے سے نسبت کی دعا مانگیں۔ نبی کریم ﷺ کی نسبت کی دُعا مانگیں۔

اولیاءاللہ سے نسبت کی دعا مانگیں اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے اور اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔اللہ تعالیٰ خود بھی نبی کریم ﷺ کا ذکر کرتا ہے اولیاءاللہ کا ذکر کرتا ہے اور پسند کرتا ہے کہ اُن کا ذکر کیا جائے۔ یہ تیرے ایمان کی حفاظت کرنے والی چیز ہے۔اللہ تعالیٰ ہر ایک کو نصیب کرے۔آمین

خطاب :بر رہائش ممتاز صاحب گرین ویو کالونی راجہ والا

مورخہ 16-10-2016